
## جناب طارق اقبال خان

خودمختار نان ایگزیکٹو ڈائریکٹر



جناب طارق اقبال خان ۴۰ سال کا وسیع تجربہ رکھنے کے ساتھ ساتھ انسٹیٹیوٹ آف چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس آف پاکستان کے فیلو ممبر بھی ہیں۔ اُنھوں نے اسلام آباد سٹاک ایکسچینج کے قیام میں بنیادی کردار ادا کیا بعد ازاں وہ اسلام آباد سٹاک ایکسچینج کے صدر بھی رہے۔ اُنھوں نے سنٹرل بورڈ آف ریونیو (CBR) میں بحیثیت ممبر ٹیکس پالیسی اینڈ کوآرڈینیشن خدمات سر انجام دیں، اس کے بعد وہ کمشنر ایس ای سی پی (SECP) بھی رہے جہاں اُنھوں نے ایس ای سی پی کی تنظیمِ نو میں اہم کردار ادا کیا۔ اُنھوں نے مختصر مدت کے لئے چیئر مین ایس ای سی پی (قائم مقام) کا چارج بھی سنبھالا وہ ملک کی ممتاز کمیٹیوں کے رکن بھی رہے جن میں کمیٹی برائے فارمولیشن آف ٹیک اوور لاء (CLA) کمیٹی برائے ریونیو آف سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج آرڈیننس ۱۹۶۹، کمیٹی برائے فارمولیشن آف لاء سی ڈی سی (CLA) اینڈ ریگولیشنز اور وزیر اعظم کی کمیٹی برائے اسٹاک ایکسچینج کی بحالیِ نو اہم ہیں۔ وہ ۸ برس سے زائد این آئی ٹی (NIT) کے چیئر مین اور ایم ڈی رہے جس نے سرمایہ کاری کے لئے مارکیٹوں کے قیام، استحکام اور ان کے لئے مؤثر نظام کو تشکیل دینے میں اہم کردار ادا کیا۔ مزید برآں اس دوران تقریباً ۵ برس تک وہ آئی سی پی (ICP) کے چیئر مین اور ایم ڈی کی حیثیت سے بھی کام کرتے رہے۔ وہ بہت سی نمایاں کمپنیوں سی ڈی سی (CDC)، فیصل بینک لمیٹڈ، بینک الحبیب لمیٹڈ، جی ایس کے (GSK)، آئی سی آئی (ICI)، سیمنز اور پیکیجز لمیٹڈ وغیرہ کے بورڈ پر ممبر بھی رہے ہیں۔ وہ اٹک ریفائنری لمیٹڈ، سوئی نادرن گیس پائپ لائنز لمیٹڈ، کے پی انرجی بورڈ اور کے پی او جی سی ایل کے چیئر مین بھی رہے۔ فی الوقت وہ نیشنل ریفائنری لمیٹڈ، پیکیجڈ لمیٹڈ، سِلک بینک لمیٹڈ، اِنٹرلوُپ لمیٹڈ اور پاکستان آئل فیلڈز لمیٹڈ کے بورڈز کے بھی ممبر ہیں۔

## جناب محمد رضی الدین

جناب لیث جی فرعون کے متبادل ڈائریکٹر



جناب محمد رضی الدین توانائی کے شعبے میں بطورِ کمپنی ایگزیکٹو ۳۰ سال سے زائد عرصے کا کامیاب تجربہ رکھتے ہیں۔ ان کی دونوں ڈگریاں ریاستہائے متحدہ امریکہ میں حاصل کی گئیں: یونیورسٹی آف ڈیٹرائٹ، مشی گن سے انجینئرنگ میں ماسٹرز اور سیراکیوس یونیورسٹی، نیویارک سے ایم بی اے۔ اپنے کیریئر کے دوران وہ مختلف اداروں کے ساتھ اہم مشاورتی عہدوں پر فائز رہے۔ ماضی میں وہ پاکستان اسٹیل ملز کارپوریشن کے چیئر مین، خیبر پختونخواہ آئل اینڈ گیس کمپنی لمیٹڈ کے چیف ایگزیکٹو آفیسر (سی ای او) اور آئل اینڈ گیس ڈویلپمنٹ کمپنی لمیٹڈ کے مینجنگ ڈائریکٹر کے طور پر بھی خدمات انجام دے چکے ہیں۔ وہ اس سے پہلے اٹک ریفائنری لمیٹڈ کے ڈائریکٹر اور سی ای او کے عہدوں پر فائز رہ چکے ہیں۔ وہ انرجی کنسلٹیشن، آئل ریفائننگ، ایکسپلوریشن، پیٹرولیم مارکیٹنگ وغیرہ میں اپنی قابلیت کی وجہ سے ان شعبوں میں قابل قدر نگاہ سے جانے جاتے ہیں۔ اس وقت وہ اٹک پیٹرولیم لمیٹڈ اور نیشنل ریفائنری لمیٹڈ کے بورڈ پر بھی ہیں۔

